AQA

SPECIMEN MATERIAL

# GCSE
# URDU

H

## Higher Tier Paper 3 Reading

Specimen 2019 Morning Time allowed: 1 hour

**You will need no other materials.**

**Instructions**
- Use black ink or black ball-point pen.
- Fill in the boxes at the bottom of this page.
- Answer **all** questions.
- You must answer all the questions in the spaces provided. Do not write on blank pages.
- In **Section A**, answer the questions in **English.** In **Section B,** answer the questions in **Urdu**. In **Section C**, translate the passage into **English**.
- Do all rough work in this answer book. Cross through any work you do not want to be marked.

**Information**
- The marks for questions are shown in brackets.
- The maximum mark for this paper is 60.
- You must **not** use a dictionary.

Please write clearly, in block capitals, to allow character computer recognition.

Centre number Candidate number

Surname

Forename(s)

Candidate signature

**Section A** Questions and answers in **English**

| 0 | 1 | **Social issues**

Read this following extract from ***Ibn'ul Waqat*** by ***Deputy Nazir Ahmed*** and answer the questions which follow in **English**.

"جو شخص صاحب کے ساتھ ساتھ باتیں کرتے ہوئے اندر سے آئے تھے، وہ دروازے
سے سلام کر کے رخصت ہوئے۔ باقیوں کو دعا سلام کے بعد صاحب نے رخصت کر دیا
کہ آج دیر بہت ہو گئی اور خود ابن الوقت کے کمرے میں چلے گئے۔ پہلی بات جو صاحب
نے ابن الوقت سے کہی تھی، یہ تھی کہ "میں افسوس کرتا ہوں کہ آپ کو اتنی دیر انتظار
کرنا پڑا۔ آپ کے شہر میں مخبری کا بازار اتنا گرم ہو رہا ہے کہ جس نے کچھ نہیں کیا وہ بھی
ڈر کے مارے پریشان ہے"۔

| 0 | 1 | . | 1 | What did the person do who came with Sahib?

**[1 mark]**

| 0 | 1 | . | 2 | Where did Sahib go by himself?

**[1 mark]**

| 0 | 1 | . | 3 | What was the first thing Sahib said to Ibn ul Waqt?

**[1 mark]**

There are no questions printed on this page

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

ANSWER IN THE SPACES PROVIDED

**0 2** **Family life and school**

A Pakistani magazine has published an article about family and school life.
Read what these young people say.

| | |
|---|---|
| میری چھوٹی بہن اور میں ایک ہی اسکول میں پڑھتی ہیں۔ میری بہن بھی بڑی ہو کر میری طرح ڈاکٹر بننا چاہتی ہے۔ | <br>Saima |
| میرے والد ایک پائلٹ ہیں اور وہ زیادہ تر ملک سے باہر ہوتے ہیں۔ میرے بھائی کو بھی جہاز اڑانے کا بہت شوق ہے۔ | <br>Asim |
| میرے والدین میری ہر خواہش پوری کرتے ہیں کیونکہ میں پورے خاندان میں سب سے چھوٹی ہوں۔ | <br>Sana |
| مجھے جب بھی اسکول میں کوئی مشکل پیش آتی ہے تو میں اس کا ذکر اپنی والدہ سے کر دیتا ہوں کیونکہ وہ میرا ہر مسئلہ حل کر دیتی ہیں۔ | <br>Naz |
| میرے بڑے بھائی اسکول کے کام میں میری بالکل مدد نہیں کرتے۔ جب بھی میں ان سے کچھ پوچھتی ہوں وہ مجھے ڈانٹ دیتے ہیں۔ | <br>Zoya |
| میری ایک بہن ہے اور وہ میرے مشکل وقت میں ہمیشہ میرا ساتھ دیتی ہے اور ہر کام میں میری مدد بھی کرتی ہے۔ | <br>Imran |

Write the name of the correct person for each statement in the box.

**0 2 . 1** Whose sister shares the same ambition as her? **[1 mark]**

**0 2 . 2** Who shares his concerns with his mother? **[1 mark]**

**0 2 . 3** Whose brother wants to become a pilot? **[1 mark]**

**0 2 . 4** Whose relationship with her brother is difficult? **[1 mark]**

**Turn over for the next question**

**0 3** **Jobs and Careers**

A few friends have written on an Urdu website about jobs and careers. Write down **one** advantage and **one** disadvantage for each job.

| | |
|---|---|
| مجھے اپنا پارٹ ٹائم کام بہت پسند ہے کیونکہ مجھے اچھی تنخواہ ملتی ہے لیکن مجھے رات کے وقت کام کرنا اچھا نہیں لگتا۔ |  |
| میرے علاقے میں کھیلوں کی بہت سہولتیں ہیں لیکن ملازمت کے مواقع بہت کم ہیں۔ |  **Faiza** |
| میرے والد صاحب دفتر کا کام بہت پسند کرتے ہیں لیکن انھیں کام پر جانے کے لیے لمبا سفر کرنا پڑتا ہے۔ |  **Babar** |
| میری بہن ایک نرس ہے۔ مریضوں کی خدمت کرنا اسے بہت پسند ہے لیکن انھیں اس کام کی بہت کم تنخواہ ملتی ہے۔ |  **Neelam** |

Complete the grids below  in **English** to indicate an advantage and a disadvantage.

**Example:** **Nadeem**

| Advantage | Disadvantage |
|---|---|
| He earns a good salary | He does not like to work at night |

**0 3 . 1** **Faiza**

| Advantage | Disadvantage |
|---|---|
| | |

**[2 marks]**

**0 3 . 2** **Babar**

| Advantage | Disadvantage |
|---|---|
| | |

**[2 marks]**

**0 3 . 3** **Neelam**

| Advantage | Disadvantage |
|---|---|
| | |

**[2 marks]**

**0 4** **Holidays**

Javed has written an article for his college magazine.

میں پاکستان جانے کے خیال سے بہت خوش تھااور میں کئی دنوں سے تیاری میں مصروف تھا۔ پاکستان جانے سے ایک رات پہلے میں بالکل نہیں سو سکا کیونکہ میں اپنے خاندان والوں سے ملنے کے لیے بہت بے چین تھا۔

اگلے دن میں صبح آٹھ بجے گھر سے لندن کے ہوائی اڈے کے لیے نکلا۔ چونکہ اُن دنوں کافی برف باری ہوئی تھی اور موسم بہت خراب تھااس لیے میں گھر سے پانچ گھنٹے پہلے ہی نکل گیا۔ راستے میں گاڑیاں بہت ہی آہستہ چل رہی تھیں اور میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹے کے سفر کے بعد ساڑھے نو بجے ہوائی اڈے پہنچ گیا۔ جب ہوائی اڈے پر گاڑی سے نکلااور سامان نکالنے لگاتو معلوم ہوا کہ اپنی بہن کی شادی کے تحفوں والا سوٹ کیس تو میں گھر ہی بھول آیا ہوں۔ میری آنکھوں سے آنسو نکل پڑے کیونکہ اب یہ ممکن ہی نہیں تھا کہ میں اُس سوٹ کیس کے بغیر ہی پاکستان چلا جاؤں۔ بدقسمتی سے مجھے اُس دن اپنا سفر ملتوی کرنا پڑااور پھر دو دن بعد میں پاکستان روانہ ہوا۔ اس ایک غلطی کی وجہ سے نہ صرف میری دو چھٹیاں ضائع ہوئیں بلکہ ساڑھے چار سو پونڈ کا نقصان بھی ہوا۔

**0 4 . 1** Javed was happy because …

| | |
|---|---|
| **A** | he was going to Pakistan. |
| **B** | he was going to attend a wedding. |
| **C** | he was going to work abroad. |

☐

**[1 mark]**

**0 4 . 2** He arrived at the airport at …

| | |
|---|---|
| **A** | 9:45. |
| **B** | 9:15. |
| **C** | 9:30. |

☐

**[1 mark]**

**0 4 . 3** He was late because of …

| | |
|---|---|
| **A** | bad weather. |
| **B** | slow traffic. |
| **C** | roadworks. |

☐ **[1 mark]**

**0 4 . 4** He was in tears because …

| | |
|---|---|
| **A** | he left his bag at home. |
| **B** | he left his passport at home. |
| **C** | his flight was cancelled. |

☐ **[1 mark]**

**0 4 . 5** He lost …

| | |
|---|---|
| **A** | £350. |
| **B** | £430. |
| **C** | £450. |

☐ **[1 mark]**

**0 4 . 6** He went to Pakistan after …

| | |
|---|---|
| **A** | two days. |
| **B** | three days. |
| **C** | four days. |

☐ **[1 mark]**

**0 5** **The environment**

You are doing a project about the environment in Pakistan.

## ماحول کو بہتر بنائیں

ماحول کو بہتر بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے اور ہمیں اس کی حفاظت کے لیے مندرجہ ذیل باتوں پر عمل کرنا چاہیے۔

۔گاڑیوں کا استعمال کم سے کم کریں اور زیادہ سے زیادہ پیدل سفر کریں

۔شور نہ مچائیں اور اونچی آواز میں موسیقی نہ سنیں

۔زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں تاکہ ماحول کی آلودگی میں کمی واقع ہو

۔قدرتی وسائل کا استعمال سوچ سمجھ کر کریں

۔استعمال شدہ اشیاء کو دوبارہ قابلِ استعمال بنائیں

According to the article what **five** things can we do to save the earth?

| | |
|---|---|
| **A** | Save water |
| **B** | Recycle more |
| **C** | Plant more trees |
| **D** | Use solar energy |
| **E** | Reduce noise |
| **F** | Protect wildlife |
| **G** | Avoid imported goods |
| **H** | Use fewer cars |
| **I** | Use natural resources carefully |
| **J** | No littering |

Write the letters of the correct answers in the boxes.

☐ ☐ ☐ ☐ ☐

**[5 marks]**

**0 6** **Urdu movies**

You read the following article in a newspaper about Urdu movies.

Answer the questions in **English**.



## نئی اور پرانی فلمیں

وقت کے ساتھ ساتھ فلمی دنیا میں بھی تبدیلیاں آتی گئیں۔ پرانے زمانے میں فلموں کی کہانیاں بڑی دلچسپ اور حقیقت کے قریب ہوتی تھیں۔ زیادہ تر فلمیں پیار و محبت کے موضوع پر بنائی جاتی تھیں۔ فلموں میں گانوں کو بہت اہمیت حاصل تھی بلکہ یوں کہیے کہ فلموں کی مقبولیت کا انحصار گانوں پر ہی ہوا کرتا تھا۔ ان فلموں کے لیے گانے لکھنے والے شاعروں کا ادب کی دنیا میں بڑا مقام ہوا کرتا تھا۔ شاعر گانے لکھتے وقت الفاظ کا استعمال اس خوبصورتی سے کرتے تھے کی سننے والے ان میں کھو جاتے تھے اس لیے ان فلموں کے گانے آج بھی ہمیشہ کی طرح مقبول ہیں اور لوگ انہیں بڑے شوق سے سنتے ہیں۔

اس کے برعکس کچھ جدید فلموں کی کہانیاں عجیب و غریب سی ہوتی ہیں۔ اس طرح کی فلموں میں ایسے مناظر فلمائے جاتے ہیں کہ انسان گھر والوں کے ساتھ بیٹھ کر یہ فلمیں نہیں دیکھ سکتا۔ جدید فلموں میں بعض اوقات اداکاری، لباس اور بناؤ سنگھار ہمارے آبائی دیس کے رسم و رواج اور تہذیب کی بالکل عکاسی نہیں کرتے۔ ایسا لگتا ہے کہ آج کل فلمیں بنانے کا اصل مقصد صرف پیسہ کمانا ہے۔ کچھ جدید فلمیں مار دھاڑ، جرم اور فساد پر بنتی ہیں اور ان کا نوجوان نسل کے ذہن پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ اکثر یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ ان فلموں سے متاثر ہو کر نوجوان جرائم کی زندگی اپنا لیتے ہیں۔

فلمیں ایسی بنانی چاہیئں کہ جن کو دیکھ کر کچھ سبق حاصل ہو۔ فلم بناتے وقت اس بات کا خیال رکھا جائے کہ فلموں میں استعمال کی جانے والی زبان معیاری ہو اور ان میں ایسے مناظر نہ ہوں جن کا نوجوان نسل کے ذہنوں پر بُرا اثر پڑے۔

**0 6 . 1** What was the common theme of most Urdu films in the past?

______________________________________________

**[1 mark]**

**0 6 . 2** What part did songs play in old films?

______________________________________________

**[1 mark]**

**0 6 . 3** Why do new films **not** reflect the culture of India and Pakistan? Give **two** details.

1 ______________________________________________

2 ______________________________________________

**[2 marks]**

**0 6 . 4** What is the main purpose of making modern films?

______________________________________________

**[1 mark]**

**0 6 . 5** What effect do modern films have on young people? Give **two** details.

1 ______________________________________________

2 ______________________________________________

**[2 marks]**

**0 6 . 6** What advice is given to the film makers? Give **two** details.

1 ______________________________________________

2 ______________________________________________

**[2 marks]**

**Section B** Questions and answers in **Urdu**

**0 7**

پکنک پر جانے سے پہلے آپ ٹی وی پر موسم کا حال معلوم کرتے ہیں۔

پیر:

صبح کے وقت آسمان پر بادل ہوں گے لیکن بارش نہیں ہو گی۔

منگل:

کل بارش نہیں ہوئی تھی لیکن آج شام کو موسلادھار بارش ہو سکتی ہے۔

بدھ:

دوپہر کو تیز آندھی کا امکان ہے اور شام کو کافی دھند ہو گی۔

جمعرات:

صبح کو دھوپ ہو گی، دوپہر کو برف باری ہو گی اور شام کے وقت ہلکے طوفان کا امکان بھی ہے۔ لوگوں کا گھروں میں رہنا مناسب ہو گا۔

جمعہ:

دھوپ نکلے گی اور موسم زیادہ تر خوشگوار رہے گا۔

ہفتہ:

موسم میں کسی خاص تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔

اتوار:

دیہاتی علاقوں میں پانی آجانے کی وجہ سے بجلی بند رہے گی۔

موسم کیسا ہو گا؟ صحیح جواب کا نمبر خانے میں لکھیں۔

**0 7 . 1**

کون سے دن زوردار بارش ہو گی؟

| 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|
| ہفتہ | اتوار | منگل |

[1 mark]

**0 7 . 2**

کون سے دو دنوں کا موسم ایک جیسا ہو گا؟

| 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|
| جمعہ/ہفتہ | جمعرات/ہفتہ | منگل/بدھ |

[1 mark]

**0 7 . 3**

کون سے دن لوگوں کو گھروں سے باہر نکلنے سے منع کیا گیا ہے؟

| 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|
| ہفتہ | جمعرات | پیر |

[1 mark]

**0 7 . 4**

کون سے دن موسم میں تین تبدیلیاں آئیں گی؟

| 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|
| جمعرات | منگل | ہفتہ |

[1 mark]

**0 7 . 5**

کون سے دن گاؤں میں سیلاب آئے گا؟

| 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|
| منگل | اتوار | ہفتہ |

[1 mark]

**0 8**

اسکول

احمد اپنے دوستوں کو ایک ای میل بھیجتا ہے۔ اسے غور سے پڑھیں۔

> ہمارے اسکول میں ہفتہ کے دن بھی کلاسیں ہوتی ہیں۔ میری کلاسیں نو بجے سے ایک بجے تک ہوتی ہیں۔ پہلے انگریزی کا اور پھر ریاضی کا سبق ہوتا ہے۔ وقفے کے بعد آخری سبق تاریخ کا ہوتا ہے جو بہت سے طلبہ کو پسند نہیں ہے مگر مجھے یہ مضمون بہت پسند ہے کیونکہ مجھے ماضی کے حالات جاننے کا بہت شوق ہے۔ ہماری اردو زبان کی کلاس ہر چار ہفتوں کے بعد ہوتی ہے اور ہم اردو بہت شوق سے پڑھتے ہیں کیونکہ یہ ہمارے لیے بہت دلچسپ مضمون ہے۔

**0 8 . 1**

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب میں صحیح جواب کا نمبر خانے میں درج کریں۔ کون سا جواب درست ہے۔

| | |
|---|---|
| احمد کی پہلی کلاس نو بجے سے پہلے ہوتی ہے۔ | 1 |
| ہر ہفتہ کے دن اردو زبان کی کلاس ہوتی ہے۔ | 2 |
| تاریخ کا سبق بہت سے طالب علموں کو اچھا نہیں لگتا۔ | 3 |

☐

**[1 mark]**

**0 8 . 2**

احمد تاریخ کا مضمون کیوں پسند کرتا ہے؟ جواب اردو میں مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب اردو میں لکھیں۔

______________________________

**[1 mark]**

**0 8 . 3**

طالب علم اردو کیوں پڑھنا پسند کرتے ہیں؟ جواب اردو میں لکھیں۔

______________________________

**[1 mark]**

**0 9**

نیچے دیے گئی عبارت کو غور سے پڑھیں جو **سجاد حیدر یلدرم** کے افسانہ **ازواجِ محبت** سے لیا گیا ہے اور سوالوں کے جواب اردو میں لکھیں۔

"والد مرحوم کی تمنا یہ تھی کہ میری شادی ان کی زندگی ہی میں ہو جاتی۔ مگر ہائے! ایسے باپ کسے نصیب ہوتے ہیں۔ انہوں نے کبھی مجھ پر جبر نہیں کیا اور اس کو میری مرضی پر چھوڑ دیا۔ شادی کے بارے میں میرے خیالات کچھ اور ہی تھے اور میں ان پر ہنستا تھا جو نوجوان شادی کر کے مصیبت میں پڑتے تھے اور اپنی آزادی سے ہاتھ دھو بیٹھتے تھے۔ میں کہتا تھا کہ اس سے بڑھ کر کوئی غلطی نہیں ہو سکتی کہ جان بوجھ کر انسان اپنے پاؤں میں بیڑیاں ڈال لے۔ کیا معلوم تھا کہ تھوڑے دنوں بعد لوگ مجھ پر ہنسیں گے"۔

**0 9 . 1**

مصنف کے والد کی کیا خواہش تھی؟

**[1 mark]**

**0 9 . 2**

مصنف کے والد کا اُس کے ساتھ کیسا رویہ تھا؟

**[1 mark]**

**0 9 . 3**

شادی کے بارے میں مصنف کے کیا خیالات تھے؟ دو باتیں لکھیں۔

1 ______

2 ______

**[2 marks]**

**0 9 . 4**

مصنف شادی کو ایک بڑی غلطی کیوں سمجھتا تھا؟

**[1 mark]**

**1 0**

برطانیہ کے ایک اردو اخبار میں پاکستان کے بارے میں آپ یہ مضمون پڑھتے ہیں۔

آبادی کے لحاظ سے پنجاب پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔اس صوبے کی زمین بہت زرخیز ہے جس کی وجہ سے اکثر لوگوں کا پیشہ کھیتی باڑی ہے۔لاہور پنجاب کا سب سے بڑا شہر اور دارالخلافہ بھی ہے۔لاہور اپنی تاریخی عمارتوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں اور یونیورسٹی کی وجہ سے بہت مشہور ہے۔یہاں کے لوگوں کے بارے میں عام طور پر کہا جاتا ہے کہ وہ بڑے فراخ دل ہوتے ہیں اور بیرونِ ملک سے آنے والوں کو اپنے شہر میں خوش آمدید کہتے ہیں۔یہاں بسنت کا تہوار بہت مشہور تھا اور لوگ یہ تہوار بڑے جوش و خروش کے ساتھ منایا کرتے تھے۔اس دن آسمان رنگ برنگی پتنگوں سے بھر جاتا تھا۔ مگر بعض لوگوں کی وجہ سے اس تہوار میں بہت حادثات ہونے لگے اور اب گورنمنٹ نے اس پر پابندی عائد کر دی ہے۔

پنجاب کا شہر فیصل آباد اپنی کپڑے کی صنعت کی وجہ سے کافی مشہور ہے اور اسے پاکستان کا مانچسٹر بھی کہا جاتا ہے۔پاکستان کا سب سے بڑا شہر کراچی ہے اور بندرگاہ ہونے کی وجہ سے اسے بہت اہم مقام حاصل ہے۔روزگار کی تلاش میں پاکستان بھر سے لوگ کراچی آتے ہیں تاکہ وہ اپنے خاندان کی پرورش کر سکیں۔

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب اردو میں لکھیں۔

**1 0 . 1**

پنجاب کے اکثر لوگ کیا کام کرتے ہیں؟

______________________________

**[1 mark]**

**10.2**

لاہور کے لوگ کیوں فراخ دل سمجھے جاتے ہیں؟

______________________________________________

**[1 mark]**

**10.3**

بسنت کے تہوار پر کیوں پابندی لگا دی گئی؟

______________________________________________

**[1 mark]**

**10.4**

فیصل آباد کو پاکستان کا مانچسٹر کیوں کہا جاتا ہے؟

______________________________________________

**[1 mark]**

**10.5**

کراچی اتنا اہم شہر کیوں ہے؟

______________________________________________

**[1 mark]**

**Turn over for the next question**

**Section C** Translation into **English**

**1 1** Samina has written about her local area and her friend asks her to translate it into **English** for her school magazine.

میں جس شہر میں رہتی ہوں وہ چھوٹا تو ہے لیکن بہت خوب صورت ہے۔ یہاں دیکھنے کے لیے بہت دلچسپ
جگہیں ہیں۔ مجھے پہلے باہر جانا اچھا نہیں لگتا تھا لیکن اب اپنے دوستوں کے ساتھ باہر جانا اور بوڑھے لوگوں
کے گھروں میں اُن سے ملنا اچھا لگتا ہے۔ میرے خیال میں ہمیں بے سہارا اور ضرورت مند لوگوں کی مدد
کرنی چاہیے۔ ہو سکتا ہے کہ ایک دن کوئی اسی طرح میرے بارے میں بھی سوچے۔

**[9 marks]**

**END OF QUESTIONS**

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**

**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**

**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**

**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**

**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

## References:

Question 2 Saima © iStock.com/Nikada
Question 2 Asma © iStock.com/JohnnyGreig
Question 2 Sana © iStock.com/Parkpoom
Question 2 Naz © iStock.com/-Robbie-
Question 2 Zoya © iStock.com/rahhal
Question 2 Iram © iStock.com/Ranta Images
Question 3 Nadeem © iStock.com/mantosh
Question 3 Fazia © iStock.com/Arturo Rosenow
Question 3 Babar © iStock.com/mantinov
Question 3 Neelam © iStock.com/SilviaJansen

Question 1 Abridged and adapted extract from *Ibn ul Waqt*, Deputy Nazir Ahmed. Question 9 Abridged and adapted extract from *Azwaj e Muhabbat*, Sajjad Haider Yalderam.

Copyright © 2025 AQA and its licensors. All rights reserved.